مترجمہ

# قانون قمار بازی

## ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۲) بابتہ ۱۳۰۵ف

جسکو

جناب نواب مدار المہام سرکار عالی نے بتاریخ ۲۶ دے ۱۳۰۵ف منظور فرمایا

(مندرجہ جریدۂ اعلامیہ سرکار عالی مورخہ ۱۳ اسفندار ۱۳۰۵ف نمبر (۱۵) صفحہ (۶۱) جزو ثالث)

مترجمہ

حسب قانون نشان ۲ ۱۳۰۰ف و نشان ۱ بابتہ ۱۳۱۹ف و نشان ۲ بابتہ ۱۳۲۰ف

بمطابقت ضابطہ قانون سرکار عالی نشان ۲ بابتہ ۱۳۰۱ف و ضابطہ ایکٹ سرکار عظمت مدار انگلشیہ نمبر ۱۰ بابتہ ۱۸۸۲ء مع فہرست مطابقت دفعات قوانین مذکور

مؤلفہ

محمد غلام رسول صاحب قریشی مددگار محاسب ہائیکورٹ سرکار عالی

مطبوعہ بابتہ ۱۳۲۰ف

رہبر دکن برقی پریس واقع افضل گنج حیدرآباد دکن میں طبع ہوا

قیمت (۲ر)

مندرجہ جریدہ اعلامیہ سرکار عالی مورخہ ۱۳ اسفندار سنہ ۱۳۰۵ف
نمبر ۱۵ ا ص ۱٦

# قانون قماربازی

## نشان (۲) سنہ ۱۳۰۵ف

جسکو

جناب نواب مدار المہام سرکار عالی نے بتاریخ ۲٦ دی سنہ ۱۳۰۵ف منظور فرمایا

محشّٰہ

بروئے قانون نشان (۲) سنہ ۱۳۰۵ف وقانون نشان (۱) سنہ ۱۳۱۹ف ونشان (۲) سنہ ۱۳۲۸ف

مولفہ

محمد غلام رسول صاحب قریشی مددگار محاسب ہائیکورٹ سرکار عالی

مطبوعہ رہبر دکن برقی پریس افضل گنج حیدرآباد دکن

# فہرست دفعات قانون قمار بازی نشانؔ (۲) سنہ ۱۳۰۵ف


| دفعہ | مضمون | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۰ | تمہید | ۱۳۶۸ |
| ۱ | نام قانون وسعت و تاریخ نفاذ | ؍؍ |
| ۲ | قوانین و قواعد و گشتیات مندرجہ ضمیمہ منسلکہ کی تنسیخ۔ | ؍؍ |
| ۳ | تعریفات۔ | ؍؍ |
| ۴ | مالک یا دخیل یا استعمال کرنے والے عام قمار خانہ کی تعزیر۔ | ۱۳۶۹ |
| ۵ | موجودگی بہ قمار خانہ عام کی علت میں تعزیر۔ | ؍؍ |
| ۶ | تفحص کی غرض سے ادخال مکان اور کوتوالی کو اجازت ادخال مکان کا اختیار۔ | ؍؍ |
| ۷ | مکانات مشتبہ میں تلاش وغیرہ کی دستیابی اس امر کا ثبوت ہوگا کہ ایسے مکانات عام قمار خانجات ہیں۔ | ۱۳۷۰ |
| ۸ | ان اشخاص کی نسبت تعزیر جو غلط نام یا پتہ بتانے کی وجہ سے گرفتار کیے گئے ہوں۔ | ۱۳۷۱ |
| ۹ | قمار خانہ رکھنے کی سزا یابی پر آلات قمار بازی پر اتلاف۔ | ؍؍ |
| ۱۰ | بازی لگا کر کھیلنے کا ثبوت غیر ضروری | ۳۷۱ |
| ۱۱ | ناظم فوجداری مجاز ہے کہ کسی شخص کو جو گرفتار ہوا ہو حلف دیکر اس کی شہادت لے۔ | ؍؍ |
| ۱۲ | مواخذہ سے برات گواہان۔ | ۱۳۷۲ |
| ۱۳ | شارع عام پر طیور اور حیوانات کو لڑانے کی بابت تعزیر۔ | ؍؍ |
| ۱۴ | کھیل کے اقسام جن سے یہ قانون تعلق نہیں ہے۔ | ۱۳۷۳ |
| ۱۵ | تحقیقات جرائم کون کرے گا۔ | ؍؍ |
| ۱۶ | مکرر ارتکاب جرم کی سزا۔ | ؍؍ |
| ۱۷ | جائز ہے کہ ایک جزو جرمانہ مخبر کو دیا جائے۔ | ؍؍ |
| ۱۸ | طریقہ وصول جرمانہ اور مصارف | ؍؍ |
| ۱۹ | جرائم محکمہ قانون ہذا قابل ضمانت ہیں۔ | ۱۳۷۴ |
| ضمیمہ | فہرست قواعد و گشتیات و احکام منسوخ شدہ از روئے قانون قمار بازی۔ | ؍؍ |


(تم)

فہرست مطابقت دفعات قانون قماربازی سرکار عالی نمبر ۲ بابتہ ۱۳۰۳ف با دفعات ایکٹ نمبر ۳ سنہ ۱۸۶۷ء سرکار دولتمدار

| دفعات | | دفعات | | دفعات | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قانون قماربازی سرکار عالی | ایکٹ نمبر ۳ سنہ ۱۸۶۷ء | قانون قماربازی سرکار عالی | ایکٹ نمبر ۳ سنہ ۱۸۶۷ء | قانون قماربازی سرکار عالی | | | | | | | |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | | | | | | | | |
| ۱ | ۰ | ۱۲ | ۱۳ | | | | | | | | |
| ۲ | ۰ | ۱۴ | ۱۴ | | | | | | | | |
| ۳ | ۱ | ۱۵ | ۱۴ | | | | | | | | |
| ۴ | ۳ | ۱۶ | ۱۵ | | | | | | | | |
| ۵ | ۴ | ۱۷ | ۱۶ | | | | | | | | |
| ۶ | ۵ | ۱۸ | ۱۷ | | | | | | | | |
| ۷ | ۶ | ۱۹ | ۰ | | | | | | | | |
| ۸ | ۷ | | | | | | | | | | |
| ۹ | ۸ | | | | | | | | | | |
| ۱۰ | ۹ | | | | | | | | | | |
| ۱۱ | ۱۰ | | | | | | | | | | |
| ۱۲ | ۱۱ | | | | | | | | | | |

# قانون قماربازی

## نشان ۲ ۱۳۰۵ف

جسکو جناب نواب مدار المہام سرکار عالی سے بتاریخ ۲۶ دے ۱۳۰۵ف م ۱۴ جمادی الثانی ۱۳۱۴ منظور فرمایا

**تمہید ۔**

ہرگاہ مملکت آصفیہ میں بمجمع عام قماربازی کرنے اور عام قمار خانہ رکھنے کی سزا کے لیے قانون منضبط کرنا قرین مصلحت ہے لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے۔

**نام قانون وسعت و تاریخ نفاذ**

**دفعہ ۱** ۔ یہ قانون بنام "قانون قماربازی" موسوم کیا جائے اور کل مملکت آصفیہ سے متعلق اور غرہ فروردی ۱۳۰۵ف سے نافذ ہوگا۔

**قوانین و قواعد و گشتیات مندرجہ ضمیمہ منسلکہ کی تنسیخ ۔**

**دفعہ ۲** ۔ تاریخ مذکورہ بالا سے تمام قوانین و قواعد و گشتیات اور احکام مندرجہ ضمیمہ منسلکہ قانون ہذا حسب صراحت خانہ سوم ضمیمہ مذکور منسوخ ہو جائیں گے ۔

**تعریفات ۔**

**دفعہ ۳** ۔ اس قانون میں "عام قمار خانہ" سے ہر مکان یا احاطہ یا جائے محصور یا کھلی ہوئی جگہ مراد ہے جس میں تاش یا پانسہ یا تختہ اور آلات یا ذرائع قماربازی شخص مالک یا دخیل یا استعمال کرنیوالے یا رکھنے والے مکان یا احاطہ یا جائے محصور یا کھلی ہوئی جگہ کے منفعت یا محاصل کے واسطے رکھے ہوں یا مستعمل ہوں ۔ عام اس سے کہ وہ منفعت یا محاصل استعمال آلات قماربازی یا مکان یا احاطہ یا جائے محصور یا کھلی ہوئی جگہ کے معاوضہ میں ہو یا کسی دوسرے طور پر ۔

ایکٹ نمبر ۳ ۱۸۶۷ء

**تشریح** ۔ لفظ مکان میں "خیمہ" اور تمام محدود جگہ داخل ہے۔

رر دفعہ (۱۳)

**مالک یا دخیل یا استعمال کرنیوالے عام قمارخانہ کی تعزیر**

**دفعہ ۴** ۔ جو شخص مالک مکان یا دخیل یا استعمال کرنیوالا کسی مکان یا احاطہ یا جائے محصور یا کھلی ہوئی جگہ کو عام قمارخانہ کے طور پر کھولے یا رکھے یا استعمال میں لائے ۔ اور جو شخص کسی مکان یا احاطہ یا جائے محصور یا کھلی ہوئی جگہ مذکورۂ بالا کا مالک یا دخیل جان بوجھکر یا بالارادہ کسی دوسرے شخص کو عام قمارخانہ کے طور پر اوسے کھولنے یا دخل کرنے یا رکھنے یا استعمال میں لانے دے اور جو شخص کسی ایسے مکان یا احاطہ یا جائے محصور یا کھلی ہوئی جگہ مذکورۂ بالا کے کاروبار میں جو بغرض مذکورۂ بالا کھولا گیا یا دخل میں لایا گیا یا رکھا گیا یا استعمال میں لایا گیا ہو خبر گیری یا اہتمام کرتا ہو یا کسی طور پر اس کے اجرا میں مدد دیتا ہو ۔ اور

جو شخص ان اشخاص کے ساتھ قماربازی کی غرض سے جو ایسے مکان یا احاطہ یا جائے محصورہ یا کھلی ہوئی جگہ میں آیا کرتے ہوں روپیہ دے یا بہم پہنچائے ۔

وہ جرمانہ کا مستوجب ہوگا جسکی مقدار دوسو روپیہ سے زاید نہ ہو یا قید با مشقت یا بلا مشقت کا مستوجب ہوگا جس کی میعاد تین مہینے سے زیادہ نہ ہو ۔

رر دفعہ (۵)

**موجودگی بہ قمارخانہ عام کی علت میں تعزیر**

**دفعہ ۵** ۔ جو شخص کسی ایسے عام قمارخانہ میں تاش یا پانسے یا آلہ شمار یا سکے یا دیگر آلات یا ذرائع قماربازی سے جوا کھیلتا ہوا پایا جائے یا وہاں بغرض قماربازی موجود ہو خواہ اس نے کسیقدر زرنقد یا شرط یا بازی پر یا کسی دوسرے طور پر کھیلتا یا نہ کھیلتا ہو وہ جرمانہ کا مستوجب ہوگا جسکی مقدار ایک سو روپیہ سے زاید نہ ہو یا قید با مشقت یا بلا مشقت کا مستوجب ہوگا جس کی میعاد ایک مہینہ سے زیادہ نہ ہو ۔ جو شخص کسی عام قمارخانہ میں کسی بازی یا کھیل کے اثنا میں پایا جائے وہ ایسا متصور ہوگا ۔ کہ وہاں قماربازی کی غرض سے موجود تھا ۔ الا اس صورت میں کہ اس کے خلاف ثابت کیا جائے ۔

رر دفعہ (۵)

**تفحص کی غرض سے ادخال مکان اور کوتوالی کو دیا جانے ادخال مکان کا اختیار ہے ۔**

**دفعہ ۶** ؎ ۔ اگر ناظم فوجداری ضلع یا ناظم فوجداری درجہ اول یا مہتمم کوتوالی ضلع یا بلدہ قریبون بلدہ حیدرآباد

؎ بموجب دفعہ ۲ قانون نشان (۱) ۱۳۴۲ف دفعہ ہذا میں ترمیم کی گئی۔

ایکٹ نمبر ۳ بابت ۱۸۶۷ء

میں صدر امین کوتوالی بروقت اطلاع یابی معتبر اور ایسی تحقیقات کے بعد جو اون کے نزدیک ضروری ہو۔ اس امر کے باور کرنے کی وجہ پائے کہ کوئی مکان یا احاطہ یا جائے محصور یا کھلی ہوئی جگہ عام قمارخانہ کے طور پر مستعمل ہے تو اُس کو اختیار ہوگا کہ اُس قدر مدد کے ساتھ جو ضروری تصور کیجائے رات یا دن میں بہ جبر اگر جبر کی ضرورت ہو ہر ایک ایسے قمارخانہ میں خود داخل ہو یا اپنے حکم تحریری کے ذریعہ سے کسی عہدہ دار کوتوالی کو جو امین کوتوالی کے رتبہ سے کمتر عہدہ نہ رکھتا ہو داخل ہونیکی اجازت دے اور جائز ہوگا کہ تمام اشخاص کو جن کو ناظم یا مہتمم مذکور وہاں پائے خود گرفتار کرے یا اُس عہدہ دار کوتوالی کو گرفتار کرنے کی اجازت دے عام اس سے کہ وہ اُس وقت فی الواقع مصروف بہ قمار بازی ہوں یا نہ ہوں اور تمام آلات قمار بازی اور تمام زر نقد اور کفالت نامجات زر نقد اور اشیاء۔ مالیتی کو جن کی نسبت بوجہ معقول یہ اشتباہ ہوتا ہو کہ بغرض قمار بازی مستعمل ہوئے ہیں یا اون کے استعمال کرنیکی نیت کی گئی ہے۔ اور جو وہاں پائے جائیں خود ضبط کرے یا عہدہ دار مذکور کو ضبط کرنیکی اجازت دے۔ اور جب وہ خود یا عہدہ دار مذکور یہ باور کرنیکی وجہ رکھتا ہو کہ کوئی آلات قمار بازی مخفی کیے گئے ہیں تو اُس عام قمارخانہ کے تمام حصوں کی جن میں وہ خود یا عہدہ دار مذکور داخل ہوا ہو اور نیز اون اشخاص کی جن کو خود اس نے یا عہدہ دار مذکور نے اس طور پر گرفتار کیا ہو تلاشی کر کے تمام آلات قمار بازی کو جو اس تلاشی سے دستیاب ہوں گرفتار کرے اور اپنے قبضہ میں لائے یا اُس عہدہ دار کوتوالی کو امر مذکور کی اجازت دے۔

رر دفعہ (۷)

مکانات مشتبہ میں تاش وغیرہ کی دستیابی اس امر کا ثبوت ہوگی کہ ایسے مکانات عام قمارخانہ جات ہیں۔

**دفعہ ۷** جب کوئی تاش یا پانسہ یا تختہ یا دیگر آلات یا ذرائع قمار بازی کسی عام قمارخانہ میں جس کے اندر حسب احکام دفعہ ۶ دخل کیا گیا ہو یا تلاشی لی گئی ہو یا اُن اشخاص میں سے جو وہاں پائے جائیں کسی کے پاس نکلیں تو جب تک کہ اس کے برخلاف ثابت نہ کیا جائے یہ شہادت اس امر کی ہوگی کہ وہ مکان یا احاطہ یا جائے محصور یا کھلی ہوئی جگہ عام قمارخانہ کے طور پر مستعمل ہے اور جو اشخاص وہاں پائے گئے وہ اس جگہ پر قمار بازی کی غرض سے موجود تھے۔ گو واقع میں کوئی کھیل ناظم فوجداری یا عہدہ دار کوتوالی یا اُن کے مددگاروں میں سے کسی نے نہ دیکھا ہو۔

ایکٹ نمبر ۳ سنہ ... دفعہ (۷)

**اُن اشخاص کی نسبت تعزیر جو غلط نام یا پتہ بتانے کی وجہ سے گرفتار کیے گئے ہوں**

**دفعہ ۸** - اگر کوئی شخص کسی عام قمار خانہ میں جہاں ناظم فوجداری یا عہدہ دار کوتوالی بموجب احکام قانون ہذا داخل ہوا ہو اوس ناظم یا عہدہ دار کے ہاتھ سے گرفتار ہونے یا کسی ناظم فوجداری کے روبرو لائے جانے پر اُس وقت جبکہ وہ ناظم فوجداری یا عہدہ دار اوس کا نام اور پتہ دریافت کرے نام اور پتہ مذکور بتانے میں انکار یا غفلت کرے یا غلط نام یا پتہ بتائے تو بر وقت ثبوت جرم اس ہی یا دیگر ناظم فوجداری کے روبرو اسقدر جرمانہ کا مستوجب ہوگا جسکی تعداد دو سو روپیہ سے زاید نہ ہو اور اُس جرمانہ کے نہ وصول ہونیکی صورت میں یا اول ہی مرتبہ اگر اس ناظم فوجداری کو مناسب معلوم ہو اُس قید کا مستوجب ہوگا جس کی میعاد ایک مہینہ سے زیادہ نہ ہو۔

،، دفعہ (۸)

**قمار خانہ رکھنے کی سزایابی پر آلات قمار بازی کا اتلاف**

**دفعہ ۹** - جب کسی شخص پر کسی ایسے عام قمار خانہ رکھنے یا استعمال میں لانیکا یا اوس میں بغرض قمار بازی موجود ہونیکا جرم ثابت ہو تو ناظم فوجداری مجوز مقدمہ حکم دیسکتا ہے کہ تمام آلات قمار بازی جو وہاں پائے جائیں تلف کیے جائیں اور یہ حکم دینے کا بھی اُس کو اختیار ہوگا کہ کفالت نامجات زر نقد اور دیگر اشیاء دستیاب شدہ جو از قسم آلات قمار بازی نہوں کلاً یا جزاً بہ قیمت زر نقد فروخت کیجائیں اور اُن کی قیمت مع تمام زر نقد دستیاب شدہ ضبط کیجائے یا حسب صوابدید خود یہ حکم دیسکتا ہے کہ اوس کا کوئی جز اُون اشخاص کو جو منفرداً اُسکے مستحق متصور ہوں اُنہیں دیا جائے۔

،، دفعہ (۹)

**بازی لگا کر کھیلنے کا ثبوت غیر ضروری۔**

**دفعہ ۱۰** - عام قمار خانہ رکھنے یا ایسے مکان کے اہتمام میں صاحب تعلق ہونیکی علت میں کسی شخص پر اثبات جرم کے واسطے اس امر کا ثابت کرنا لازم نہیں ہے کہ جو شخص کسی قسم کا جوا کھیلتا ہوا پایا گیا ہو وہ کسیقدر زر نقد یا بازی یا شرط کے واسطے کھیلا تھا۔

،، دفعہ (۱۰)

**ناظم فوجداری مجاز ہے کہ کسی شخص کو جو گرفتار ہوا ہو حلف دے کر اُس کی شہادت لے۔**

**دفعہ ۱۱** - جس ناظم فوجداری کے روبرو ایسے اشخاص لائے جائیں جو کسی عام قمار خانہ میں جس کے اندر بموجب احکام قانون ہذا داخل کیا گیا ہو پائے گئے تھے اُس کو جائز ہوگا کہ اُن اشخاص میں سے کسی کو یہ حکم دے کہ کسی قمار بازی کی نسبت جو اُس عام قمار خانہ میں ہوتی تھی یا کسی فعل کی نسبت جو کسی ناظم فوجداری یا عہدہ دار مجاز کو حسب مرقومۂ بالا جو اُس عام قمار خانہ میں یا اوس کے کسی جز و میں جانے دینے کی امتناع یا مزاحمت یا تاخیر کے لیے وقوع میں آیا ہو بہ حلف یا بہ اقرار صالح اظہار اور شہادت ادا کرے اور جس شخص کو اس طرح پر

ایکٹ نمبر ۳ سنہ ۱۲۹۶ف

بطور گواہ اظہار یا شہادت دینے کا حکم دیا گیا ہو وہ اس بنا پر کہ اُس کی گواہی خود اُس کے مجرم ہونے پر دلالت کرےگی۔ اس بات سے بری نہوگا کہ روبروئے ناظم فوجداری مذکورۂ بالا لائے جانے کے وقت کسی کارروائی یا تجویز کی بابت جو ایسی قماربازی یا ایسے فعل متذکرۂ بالا سے کسی طرح متعلق ہو بطور مذکور اُس کا اظہار نہ لیا جائے یا کسی زمانہ مابعد میں وہی ناظم فوجداری یا اور کوئی ناظم فوجداری یا کوئی عدالت اس طرح پر اُسکا اظہار نہ لے یا اوسکے روبرو نہ لایا جائے یا امور مذکورۂ بالا کی نسبت جو سوال اُس سے کیے جائے اُس کا جواب نہ دے اور ایسا ہر شخص جسکی نسبت بطور گواہ کے اُس ہی طرح کے اظہار لیے جانیکا حکم ہوا ہو اگر حلف یا اقرار صالح کے ادا کرنے میں یا کسی سوال مذکورۂ بالا کے جواب دینے میں انکار کرے تو وہ قید محض کا مستوجب ہوگا جسکی میعاد چھ مہینے سے زاید نہو یا جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی مقدار ایکہزار روپیہ سے زیادہ نہ ہو یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہوگا۔

دفعہ (۱۱) مواخذہ سے برات گواہان۔

**دفعہ ۱۲**۔ جو شخص خلاف قانون ہذا قماربازی سے تعلق رکھتا ہو اور اوسکا اظہار بطور گواہ کسی ناظم فوجداری کے روبرو کسی شخص کی تجویز کے وقت جو بعلت خلاف ورزی احکام قانون ہذا عمل میں آئی ہو لیا جائے اور وہ اس اظہار پر ناظم فوجداری کی رائے میں راست راست اور حسب اطمینان اُن تمام امور کا جس کی نسبت اُس کا اظہار لیا گیا ہو۔ اپنے علم کی انتہا تک افشائے حال کرے تو اوس کو ناظم فوجداری مذکور حکم تحریری اسی مضمون کا عطا کریگا اور اوس وقت کے قبل قماربازی مذکور کے متعلق جو فعل اوس سے سرزد ہوا ہو اُس کی بابت جملہ مواخذات قانون ہذا سے وہ شخص اظہار دہندہ معاف کیا جائے گا۔

دفعہ (۱۲) شارع عام پر طیور اور حیوانات کو لڑانے کی بابت تعزیر

**دفعہ ۱۳**۔ عہدہ دار کوتوالی کو اختیار ہوگا کہ جو شخص زر نقد یا کسی دوسری شئے مالیتی پر تاش یا پانسہ یا آلہ شمار یا دیگر آلات یا ذرائع قماربازی سے جنکا استعمال قماربازی میں ہوتا ہو کسی شارع یا گزرگاہ یا مقام عام یا کھلی ہوئی جگہ پر قماربازی کرتا ہوا پایا جاوے یا جو شخص کسی شارع یا گذرگاہ یا مقام عام یا کھلی ہوئی جگہ میں یا اور کسی مقام پر یا اپنے مکان میں کسی پرندے یا حیوانات کو بازی لگاکر لڑانے کے لیے موجود کرے یا کسی پرندے کو بازی لگاکر لڑانے

حسب قانون ترمیم قانون قماربازی سرکار عالی نشان (۲) ۱۳۴۳ف مندرجہ جریدہ اعلامیہ سرکار عالی مورخہ ۴ ۲ آبان ۱۳۴۳ف نمبر ۴۲ جز ثالث مثلاً دفعہ ۱۳ میں ترمیم کیجا کر حسب قانون مذکور اضافہ کیا گیا۔ مولف

ایکٹ نمبر ۳ سنہ ۱۸۶۷ء

یا جو شخص وہاں موجود ہوکر پرندہ اور حیوانات کی لڑائی میں بہ مجمع عام ممدود معاون ہو اوس کو بلا حکم تحریری گرفتار کرے۔ ایسا شخص مذکور الصدر گرفتاری کے بعد بلا توقف ناظم فوجداری کے روبرو و لایا جائیگا اور وہ ثبوت جرم پر جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی مقدار پچاس روپیہ سے زاید نہو یا قید سخت کا مستوجب ہوگا جس کی میعاد ایک مہینہ سے زیادہ نہ ہو اور اُس عہدہ دار کوتوالی کو اختیار ہوگا کہ تمام آلات قمار بازی اور پرندے اور حیوانات کو جو اس جگہ مجمع عام میں یا اشخاص گرفتار شدہ کے پاس پائے جائیں گرفتار کرے اور ناظم فوجداری کو جائز ہوگا کہ بوقت ثبوت جرم اُن آلات کو فوراً تلف کریگا اور پرندوں اور حیوانات کو ضبط سرکار اور فروخت ہونیکا حکم دے۔

(۱۲) دفعہ

**دفعہ ۱۴** ۔ اس قانون کی کوئی عبارت کسی ایسی بازی سے متعلق نہ ہوگی جو بطور ہنرمندی کے کسی جگہ پر کیجائے۔

کھیل کے اقسام جن سے یہ قانون متعلق نہیں ہے۔

(۱۳) دفعہ

**دفعہ ۱۵** ۔ ان جرائم کی تحقیقات جو حسب قانون ہذا قابل سزا ہیں ہر ناظم فوجداری کرسکے گا جس کو اختیارات نظامت فوجداری اُس مقام میں جہاں وہ جرم سرزد ہوا ہو حاصل ہوں لیکن ناظم فوجداری مذکور مقدار جرمانہ یا میعاد قید کی نسبت جس کا وہ حکم دئے اپنے عام اختیارات کے حدود کا پابند رہیگا۔

تحقیقات جرائم کون کریگا۔

(۱۵) دفعہ

**دفعہ ۱۶** ۔ جو شخص جرم قابل سزائے محکومہ دفعہ ۴ یا دفعہ ۵ قانون ہذا کا مجرم ثابت ہوکر دوبارہ مجرم کسی جرم قابل سزائے محکومہ کسی دفعہ کا اُن دونوں دفعات میں سے ہو وہ ہر ایسے جرم مابعد کے واسطے مستوجب دہ چند اوس سزا کا ہوگا جو اوس پر اُسی قسم کے جرم کے ارتکاب اول کے لیے عاید ہوتی۔

تکرار ارتکاب جرم کی سزا۔

(۱۶) دفعہ

**دفعہ ۱۷** ۔ ناظم فوجداری مجوز مقدمہ کو اختیار ہوگا کہ اُس جرمانہ میں سے جو حسب دفعات (۴) و (۵) قانون ہذا وصول ہوا ہو یا اُس زر نقد یا اُن اشیا اور پرندے اور حیوانات کی قیمت میں سے جن کی دستیابی کے بعد حسب قانون ہذا ضبطی کا حکم ہوا ہو کسیقدر جزو جو ایک ثلث سے زیادہ نہ ہو مخبر کو دئے جانیکا حکم صادر کرے۔

جائز ہے کہ ایک جزو جرمانہ مخبر کو دیا جائے۔

(۱۷) دفعہ

**دفعہ ۱۸** ۔ اس قانون کے بموجب جو جرمانہ کیا جائے وہ اسی طرح وصول کیا جائیگا جیسے کہ عام فوجداری عدالتوں میں رقوم جرمانہ وصول کیجاتی ہیں جرمانہ کی جو رقم وصول ہو وہ بعد منہائی مصارف مندرجہ دفعہ ۸ خزانہ سرکار میں بحساب عدالت جمع کیجائیگی۔

طریقہ وصول جرمانہ اور مصارف۔

ایکٹ نمبر ۲ سنہ ۱۲۶۶ف دفعہ ۲

**جرائم محکومہ قانون ہذا قابل ضمانت ہیں۔**

**دفعہ ۱۹**۔ تمام جرائم محکمۂ قانون ہذا قابل ضمانت ہونگے جب کوئی شخص بلا حکمنامہ گرفتاری عہدہ دار کوتوالی کی معرفت گرفتار کیا جائے یا نظر بند رکھا جائے۔ یا کسی ناظم فوجداری کے روبرو حاضر آئے یا حاضر کیا جائے اور اون ایام میں کسی وقت عہدہ دار کوتوالی کی حراست میں رہے یا کارروائی ناظم فوجداری کسی زبت پر ضمانت دینے کو مستعد ہو تو وہ ضمانت پر رہا کیا جائیگا اور نیز ایسا عہدہ دار ناظم اگر مناسب سمجھے مجاز ہوگا۔ کہ شخص ملزم سے ضمانت لینے کے بجائے اس کو اس شرط پر رخصت ہونیکی اجازت دے کہ وہ مچلکہ بلا شمول ضمانت اس اقرار سے لکھدے کہ وہ حسب الحکم عہدہ دار یا ناظم مذکور حاضر ہوگا۔

ہرمزجی نوشیروانجی
معتمد مجلس وضع قوانین سرکار عالی

# ضمیمہ

## فہرست قواعد و گشتیات و احکام منسوخ شدہ از روئے قانون قمار بازی

| حکم یا گشتی وغیرہ | نشان و تاریخ بقید سنہ | کس قدر منسوخ ہوا | کیفیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ |
| گشتی مرافعہ تعلقات موسومہ تعلقداران بلدہ گردونواح بلدہ و دیگر تعلقداران اضلاع۔ | نشان ۱۵۸ مورخہ ۲ ربیع الثانی سنہ ۱۳۰۸ف | کل | |
| حکم مدار المہام علاقہ عدالت | مورخہ ۳ ربیع الاول سنہ ۱۳۰۶ف | " | |
| گشتی صدر المہام عدالت موسومہ نظماء عدالت۔ | نشان فوجداری (۵) مورخہ ۸ صفر سنہ ۱۲۷۹ف | " | |
| | | | ہرمزجی نوشیروانجی معتمد |

# صحت نامہ قانون قماربازی ممالک محروسہ سرکار عالی نشان بابتہ ۱۳۰۵ف

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۱ فہرست | ۵ کالم ۲ | برات | برائت |
| ۱ مضمون | ۳ | سرکار عالی سے | سرکار عالی نے |
| ۳ | ۲۲ | واقع میں | واقعی میں |
| ۷ | ۱ | محکمۂ قانون | محکومۂ قانون |